سوال

(122) کیا مسجد کی جگہ پر مدرسہ بنانا جائز ہے یا نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہے حکم شرع کا اس مسئلہ میں کہ مدت سے ایک مسجد میں نماز پڑھی جاتی ہے، اب اس کی چھت وغیرہ بوسیدہ ہوگئی ہے، دوبارہ اس کی تعمیر کرانا ہے تو کیا اس جگہ کو جہاں نماز پڑھی جاتی ہے مدرسہ کی صورت میں بنوا کر مدرسہ تعلیم القرآن والحدیث جاری کرا دیا جائے اور اس کے اوپر مسجد بنا دی جائے ایسا کرنا شرعاً درست ہے یا نادرست ہے؟

ایسا کرنا شرعاً درست ہے، قرآن وسنت کے ماہر پر مخفی نہیں ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے جب مسجد قدیم بازار ہوگئی، کیا مدرسہ آسمانی تعلیم کے لیے نہیں بنا سکتے، برابر بنا سکتے ہیں۔

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ ، يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ، إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ، فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02